صحیح مسلم شریف

مع مختصر شرح و ترجمہ

۷۵۶۳ احادیثِ نبوی کا رُوح پرور اور ایمان افروز ذخیرہ

مترجم

مولانا عزیز الرحمان

فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-7224228-7355743

مَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) جو کچھ تم کو دیں اس کو لے لو اور جس سے منع کریں اس سے باز آجاؤ

لِلْإِمَامِ أَبِي الْحُسَيْنِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ بْنِ مُسْلِمٍ

الْقُشَيْرِيِّ النَّيْسَابُوْرِيِّ رحمہ اللہ

صحیح مسلم شریف

مع مختصر شرح و ترجمہ

۷۵۶۳ احادیثِ نبویؐ کا روح

پرور اور ایمان افروز ذخیرہ

مترجم

مولانا عزیز الرحمان

فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور

جلد دوم

مکتبہ رحمانیہ

MAKTABA-E-REHMANIA

اقرأ سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

فون: 042-7224228-7355743

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبۂ رحمانیہ

نام کتاب: صحیح مُسلم شریف مع مختصر شرح و ترجمہ

مُترجم: مولانا عزیز الرحمان فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور

ناشر: مکتبۂ رحمانیہ

مطبع: لٹل سٹار پرنٹرز لاہور

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔ (ادارہ)

مَسْجِدِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ صَلٰوةٌ فِيْهِ اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلٰوةٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِلَّا مَسْجِدَ الْكَعْبَةِ۔

ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اس مسجد نبوی میں نماز پڑھنا مسجد کعبہ کے علاوہ باقی تمام مسجدوں میں ایک ہزار نمازیں پڑھنے سے افضل ہے۔

۵۹۷: باب فَضْلِ الْمَسَاجِدِ الثَّلَاثَةِ

باب: تین مسجدوں کی فضیلت کے بیان میں

(۳۳۸۴) وَ حَدَّثَنِيْ عَمْرٌو النَّاقِدُ وَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيْعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ عَمْرٌو حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِيْ هٰذَا وَمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَسْجِدِ الْاَقْصٰى۔

(۳۳۸۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے' انہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بات پہنچی۔ ارشاد فرمایا کہ کجاوے نہ باندھے جائیں یعنی سفر نہ کیا جائے سوائے تین مسجدوں کی طرف: (۱) میری یہ مسجد' (مسجد نبوی ﷺ) (۲) مسجد حرام' (۳) مسجد اقصیٰ۔

(۳۳۸۵) وَ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ نَا عَبْدُالْاَعْلٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ۔

(۳۳۸۵) حضرت زہری سے اس سند کے ساتھ روایت ہے سوائے اس کے کہ اس میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ تین مسجدوں کی طرف سفر کیا جائے۔

(۳۳۸۶) وَ حَدَّثَنِيْ هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُالْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ اَنَّ عِمْرَانَ بْنَ اَبِيْ اَنَسٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ سُلَيْمَانَ الْاَغَرَّ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِنَّمَا يُسَافَرُ اِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْكَعْبَةِ وَمَسْجِدِيْ وَمَسْجِدِ اِيْلِيَاءَ۔

(۳۳۸۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خبر دیتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سفر کیا جائے تین مسجدوں کی طرف: کعبہ کی مسجد اور میری مسجد (مسجد نبوی) اور مسجد ایلیا (مسجد اقصیٰ)

۵۹۸: باب بَيَانِ الْمَسْجِدِ الَّذِيْ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى

باب: اُس مسجد کے بیان میں جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی

(۳۳۸۷) وَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ حُمَيْدٍ الْخَرَّاطِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ مَرَّبِيْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قُلْتُ لَهٗ كَيْفَ سَمِعْتَ اَبَاكَ يَذْكُرُ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِيْ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى قَالَ قَالَ اَبِيْ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِ

(۳۳۸۷) حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے۔ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اُن سے عرض کیا کہ آپ نے اپنے باپ سے اس مسجد کے بارے میں کیا ذکر سنا ہے کہ جس مسجد کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ مجھ سے میرے باپ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے کسی زوجۂ مطہرہ کے گھر